بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ من یہدی اللہ فہو المہتدی

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جسکو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانیوالا ہے

الحمد للہ والمنۃ

مجالس خمسہ

مصنفہ

حضرت بندگمیاں شیخ مصطفیٰ گجراتی رحمۃ اللہ علیہ

مترجمہ

باہتمام

دار الاشاعت کتب سلف الصالحین

المعروف بہ جمعیۃ مہدویہ ۔ دائرہ زمستانپور مشیرآباد حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۷۳ ہجری

مطبوعہ

صحیفہ مشین پریس حیدرآباد دکن

بار دوم

معاونین کیلئے بلا ہدیہ

غیر معاونین کیلئے ایکروپیہ سکہ ہند

التماس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مصدقان حضرت سید محمد جونپوری امام مہدی موعود آخر الزماں خلیفۃ الرحمان خاتم ولایت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے التماس ہے کہ

حضرت بندگی میاں سید قاسم مجتہد گروہ مہدویہؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ

میاں شیخ مصطفٰےؒ علماء شریعت و مقتدا طریقت صاحب معاملات و حالات سے تھے آپ کے طفیل سے بہت سارے علماء مثلاً ملا علاء الدین شیرازی جو علامۂ زماں تھے اور کئی سال حرم محترم میں درس دیتے تھے اور قاضی بجن اور پیر محمد اور بابا حسن جی اور قیصر خاں اور میاں ناصر اور شبل ان کے بہت سارے علماء اور خان اور گجرات کے بادشاہان مثلاً عثمان خاں سور جو شیر شاہ کے بھانجے تھے اور شیر خاں پولادی امیر گجرات اور اسی طرح بہت سے لوگ حضرت امام مہدی موعود خلیفۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تصدیق سے مشرف ہوئے اور بہت سے لوگ مقام قرب و وصال کو پہنچے اور اللہ تعالےٰ نے آپکو حضرت مہدی علیہ السلام کی مہدیت کے ثبوت میں جلال الدین اکبر بادشاہ کے لشکر کے تمام علماء پر نصرت دی یہ بات بہت مشہور ہے کہ (اکبر کے دربار میں علماء دربار اور میاں شیخ مصطفٰے کا) مباحثہ اٹھارہ مہینے تک ہوا (ملاحظہ ہو اسامی مصدقین مولفہ حضرت مجتہد گروہ مہدویہ مطبوعہ صفحہ ۱۱ و ۱۲)

حضرت میاں شیخ مصطفٰےؒ نے جو مجلسیں قلمبند فرمائی ہیں ان کے منجملہ پانچ مجلسیں ملی ہیں جو ہدیہ ناظرین کیگئی ہیں ان مجالس کو پڑھنے سے مہدویوں کے لیئے نصیحت اور اغیار کے لیئے عبرت ہے۔

واضح ہو کہ مجالس خمسہ کا ایک نسخہ کڑپہ میں دستیاب ہوا اور ایک احقر کے پاس موجود ہے ان دونوں نسخوں کے مقابلہ سے یہ نسخہ لکھکر ترجمہ کیا گیا۔

از

احقر دلاور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجلس اول

چونکہ این ضعیف[1] را با زنجیر و طوق در مجلس بردند والی و دیگر امراء و بعضے علماء حاضر بودند این ضعیف گفت السلام علیکم ایشان جواب سلام باز گفتند و این ضعیف را در وسط دایرہ نشاندند۔ اول والی پرسید کہ نام شما چیست این ضعیف گفت مصطفیٰ امیر قلعہ سورت دران مجلس حاضر بود گفت این چنین مصطفائے بے صفائے اسم بلا مسمیٰ در عالم ہرگز ندیدہ ام والی ازین تقریر کراہیت کرد و گفت بے بے او مرد کلان است با وے سخن آدمیانہ باید گفت پس والی باین ضعیف تقریر کرد کہ ما میدانیم کہ شما مرد کلانید و مقتدا مستورہ خواتین و ملوک گجرات ملازم آستانہ شما بودہ و تبرک و پسخوردہ شما براہ آگرہ تا گوڑ و پورب میرفت و در مجلس ما کرات و مرات ذکر شما میگذشت اکنون بواسطہ ضرورت بر گفتہ علما درین طریق یعنی با زنجیر در مجلس آوردیم خاطر شما از ما

پہلی مجلس

چونکہ اس ضعیف کو زنجیر اور طوق ڈالکر مجلس میں لے گئے حاکم[2] اور دوسرے امراء اور بعضے علماء حاضر تھے اس ضعیف نے السلام علیکم کہا انہوں نے سلام کا جواب دیا اور اس ضعیف کو حلقہ کے درمیان بٹھائے۔ پہلے حاکم نے پوچھا تمہارا نام کیا ہے۔ اس ضعیف نے کہا مصطفیٰ۔ سورت کے قلعہ کا امیر اس مجلس میں موجود تھا کہا میں نے ایسا مصطفےٰ صفائی نہ رکھنے والا اسم بلا مسمّٰی دنیا میں ہرگز نہیں دیکھا۔ حاکم نے امیر قلعہ کی اس بات سے کراہیت کی اور کہا افسوس افسوس وہ تو ایک مرد بزرگ ہے اس کے ساتھ انسانیت سے بات کرنی چاہئے پس حاکم نے اس ضعیف سے کہا ہم جانتے ہیں کہ تم مرد بزرگ اور پیشوا ہو پردہ نشین عورتیں اور گجرات کے بادشاہ تمہاری دہلیز کے ملازم ہیں اور تمہارا تبرک اور پسخوردہ آگرہ سے گوڑ اور سورت تک جاتا تھا اور ہماری مجلس میں تمہارا ذکر بار بار آتا تھا اب عالموں کے کہنے پر بلحاظ ضرورت اس طور پر تمہے

[1] اس ضعیف یعنے حضرت میاں شیخ مصطفیٰ رح

[2] حاکم یعنے جلال الدین اکبر

چونست این ضعیف جواب داد شخصے مرشدے را پرسید کہ درویشی چیست فرمود کہ خاکی چخیتہ و آبکی برو ریختہ نہ پشت پاے را ازو گردے و نہ کف پاے را ازو دردے بنا بر مذہب اہل باطن خاطرہا از ہمہ کس معمور است۔ بعد ازاں والی گفت کہ علماء و مشائخین گجرات باذات شما عداوت بسیار دارند کرات و مرات بارہا التماسہا نوشتہ اند کہ در ملک گجرات فساد عظیم روئے نمودہ است شیخ زادہ مذہب مبتدعان اختیار کردہ است و تمام خلایق را بر اعتقاد خود دعوت میکند پولادیاں و افغاناں و دیگر خلایق بلکہ بعضے علماء نیز بوی متوجہ شدہ اند و مذہب او را قبول کردہ اند بر بادشاہ واجب است کہ تدبیرے کند کہ این فساد برطرف شود غرض کہ بسعی علماء شما درین بلا افتادہ اید اکنون دل شما از ایشان چونست این ضعیف گفت ؎

من از بیگانگاں ہرگز نہ رنجم
کہ بر من ہرچہ کرد آں آشنا کرد

بعد ازاں سخن در بحث مہدیت افتاد والی پرسید اکنون چہ می گوئید کہ مہدی موعود خواہد آمد یا آمد و گذشت این ضعیف گفت کہ مہدی موعود آمد و گذشت درین محل اکابران مجلس شور و غوغا درمیان انداختند و بدشنام

بیڑیاں ڈال کر مجلس میں لائے ہیں ہمارے متعلق تمہارے دل میں کیا خیال ہے۔ اس ضعیف نے جواب دیا کہ ایک شخص ایک مرشد سے پوچھا کہ فقیری کی تعریف کیا ہے تو فرمایا کہ مٹی چھانی ہوئی اور اس پر تھوڑا سا پانی ڈالی ہوئی اس سے پاؤں کی پیٹھ پر گرد آتی ہے اور نہ اس سے تلوے میں درد ہوتا ہے اہل باطن کے مذہب کی بنا پر ہمارا دل سب کی طرف سے بھرا ہوا ہے اس کے بعد حاکم نے کہا گجرات کے مشائخین اور علماء تمہاری ذات سے بہت عداوت رکھتے ہیں اور کئی بار عرضیاں لکھکر ہمارے پاس روانہ کئے ہیں کہ گجرات کے ملک میں بڑا فساد ظاہر ہوا ہے ایک شیخ زادہ بدعتیوں کا مذہب اختیار کیا ہے اور تمام خلایق کو اپنے اعتقاد کی دعوت دیتا ہے پولادیاں افغاناں اور دوسرے لوگ بلکہ بعضے علماء بھی اسکی طرف متوجہ ہوئے ہیں اور اسکا مذہب قبول کر لئے ہیں لہذا بادشاہ پر واجب ہے کہ کوئی تدبیر کرے کہ یہ فساد دور ہو غرض علماء کی کوشش سے تم اس بلا میں پڑے ہو اب تمہارا دل ان سے کسقدر رنجیدہ ہے

اس ضعیف نے کہا

میں اغیار سے ہرگز رنجیدہ نہیں ہوں۔ کیونکہ میرے ساتھ جو کچھ کیا ہے اس آشنا نے (خدا نے) کیا ہے

اس کے بعد مہدیت کی بحث چھڑی حاکم نے کہا اب کیا کہتے ہو مہدی موعود آئیں گے یا آئے اور گئے اس ضعیف نے کہا مہدی موعود علیہ السلام آئے اور گئے۔ اس وقت مجلس کے معزز لوگوں نے شور و غوغا شروع کیا۔ گالیوں اور طعن سے پیش آئے بلکہ بعضے اپنی جگہ

وطعن ولعن پیش دستی نمودند بلکه بعضے از جائے
خود برخاستند و نزدیک این ضعیف آمدند وگفتند
که در کشتن این شخص ثواب بسیار است وکلانخان
گفت که من بدست خود میکشم اگر بادشاه می رنجد
بر ما می رنجد ما جواب به بادشاه خواهیم داد که او شرعاً
واجب القتل بود بقتلش رسانیدیم والی گفت اول
شما آهسته باشید ما از ایشان دلیلی می پرسیم و
حجت می طلبیم به بینیم تا چه دلیل می کنند وچه حجت
می آرند یکبار مذهب ایشان تحقیق باید کرد آنگاه آنچه
مصلحت خواهد بود خواهیم کرد بعد ازاں هریک خاموش
ماند والی گفت اکنون بتفصیل شرح کنید واقعهٔ خویش
تمام گوئید ابتدا چوں تصدیق کردید وچوں دانستید
که سید محمد که از جانب جونپور برخاستند و در گجرات
دعوی کردند و در فرح مدفون گشتند ایشاں مهدی
موعود باشند از کجا معلوم کردید که مولد مهدی جونپور
باشد ومبعث گجرات ومدفن فرح مولد ومبعث و
مدفن مهدی در حدیث مقرر است تمام علماء عرب
وعجم وائمه مدینه وحرم بفساد وبطلان این عقیده قائل
اند شما باوجود علم وعقل ومقتدائی این اعتقاد
چون پیش گرفتید وخلق را بدین اعتقاد دعوت کردید باید
که قصه واقعهٔ خود حرفاً بحرف تقریر کنید این ضعیف
جواب داد که در اصل آباء واجداد ما در سلسلهٔ اهل تصوف
یعنی مشائخ طریقه بودند مقرر است که در مذهب ایں

سے اٹھکر اس ضعیف کے نزدیک آئے اور کہا کہ اس شخص
کو قتل کرنے میں بڑا ثواب ہے اور کلانخاں نے کہا کہ میں
اپنے ہاتھ سے قتل کرتا ہوں اگر بادشاہ رنجیدہ ہوگا تو ہم پر
رنجیدہ ہوگا بادشاہ کا جواب ہم دیں گے کہ شیخ شرعاً واجب
القتل تھا ہم نے اس کو قتل کیا حاکم نے کہا پہلے تو تم
خاموش رہو ہم ان سے دلیل پوچھتے ہیں اور حجت
طلب کرتے ہیں ہم بھی تو دیکھیں کہ ان کا استدلال کیسا ہے
ایک بار ان کے مذہب کی تحقیق کرنی چاہیئے بعد تحقیق جو
کچھ مصلحت ہوگی کیا جائیگا اس کے بعد سب خاموش ہوگئے
حاکم نے کہا اب تفصیل سے ظاہر کرو اور اپنا تمام واقعہ بیان کرو کہ تم نے پہلے
کسطرح تصدیق کی اور کس طرح جانے کہ سید محمد جونپور سے
نکلے اور گجرات میں دعویٰ کئے اور فرح میں مدفون ہوئے یہی
مہدی موعود ہیں۔ کہاں سے معلوم کئے کہ مہدی کا مولد
جونپور ہے اور مبعث گجرات ہے اور مدفن فرح ہے
حالانکہ مہدی کے مولد مبعث اور مدفن کے متعلق
حدیث میں مقرر ہے عرب اور عجم کے تمام علماء و
اور مدینہ وحرم کے ائمہ اس عقیدہ کے فساد وبطلان
کے قائل ہیں اور تم باوجود علم وعقل اور مقتدائی کے
اس اعتقاد کے قائل ہوئے اور خلق کو اس اعتقاد کی
طرف لاتے ہو چاہئے کہ اپنے واقعہ کا قصہ پوری طور
پر بیان کریں۔ اس ضعیف نے جواب دیا کہ ہمارے
آباد واجداد در اصل اہل تصوف یعنی مشائخ طریقت
سے تھے یہ [illegible] ثابت ہو [illegible] تمام

جماعت انکار سخن ولی حرام ست بلکہ بمنزلۂ سم قاتل
است بسیار کساں از اہل ظاہر بواسطۂ انکار اولیاء مایۂ
ایمان و معرفت بباد دادہ اند و روے بوادیٔ خذلان و
خسارت نہادہ اند چنانچہ از مصنفات سلف مثل سید
الطائفہ خواجہ جنید بغدادی و امام حجۃ الاسلام محمد غزالی
و شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سہروردی معلوم می
شود فی الجملہ چوں مارا بطریق تواتر معلوم شد کہ
حضرت سید محمد بزبان مبارک خویش کرات و مرات
در مجمع علماء و مشائخ ایں دعویٰ اظہار فرمودند تا
آخر نفس برایں دعویٰ مصر بودند و آثار ولایت
ایشاں در عالم انتشار یافتہ و تاثیرات فیض ایشاں
بغایت اشتہار رسیدہ بحدیکہ بسیار کساں کہ ہیچ خبر
از علم نہ داشتند محض بہ ملازمت صحبت ایشاں
در دقائق علوم شرائع و معرفت چنداں وقوف و
مہارت پیدا کردند کہ در تقریر نگنجد و در باب اعمال
جمیلہ و اوصاف جلیلہ مثل توکل و صدق و تسلیم
و تفویض و علم و مروت و سائر اخلاق حسنہ بمرتبہ
رسیدہ اند کہ در تحریر نیاید بلکہ یک یک از
ایشاں بمقتدائی رسیدہ اند و پیش ہر یک ہزارہا
تارک دنیا و طالب مولیٰ و سرمست حقیقت باوجود
رعایت حدود طریقت و شریعت پیدا شدند و
بناءً علی مذہب اہل تصوف روئے بتصدیق آوردیم
و سر بر عتبۂ شریف ایشاں نہادیم و از مباحثات

کے مذہب میں ولی کی بات کا انکار حرام ہے بلکہ سم قاتل
کے برابر ہے۔ اہل ظاہر سے بہت سے لوگ اولیاء کے
انکار کے واسطہ سے ایمان و معرفت کی پونجی ضائع کرلئے
اور ہلاکت و نقصان کے جنگل کی طرف رخ کیئے چنانچہ
سلف مثلاً سید الطائفہ خواجہ جنید بغدادی امام حجۃ الاسلام
محمد غزالی اور شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سہروردی
رحمۃ اللہ علیہم کی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے۔ حاصل
کلام جب ہمکو بطریق تواتر معلوم ہوا کہ حضرت سید محمد
اپنی زبان مبارک سے کئی بار علماء اور مشائخین کے
مجمع میں یہ دعویٰ (دعویٰ مہدیت) ظاہر فرمایا اور آخر
دم تک اس دعویٰ پر مصر رہے اور آپ کی ولایت کے
آثار تمام عالم میں پھیل گئے اور آپ کے فیض کی
تاثیرات بہت مشہور ہوگئیں یہاں تک کہ بہت سے لوگ
جو علم سے کچھ بھی خبر نہیں رکھتے تھے محض آپ کی صحبت
کی ملازمت سے شریعت کے علوم کی باریکیوں اور خدا کو
پہچاننے میں اس قدر آگاہی اور استعداد پیدا کئے بیان نہیں
کرسکتے اعمال جمیلہ اور اوصاف جلیلہ مثل توکل صدق تسلیم
تفویض حلم و مروت اور تمام اخلاق حسنہ میں اس درجہ کمال
کو پہنچے کہ لکھ نہیں سکتے بلکہ ان میں کا ایک ایک پیشوائی
کو پہنچا اور ہر ایک کی خدمت میں ہزاروں تارکان دنیا
طالبان خدا شریعت و طریقت کے حدود کی رعایت
کے ساتھ سرمست حقیقت پیدا ہوئے اہل تصوف
کے مذہب کی بناء پر ہم نے حضرت مہدیؑ کی تصدیق کی

ومجادلات لفظیہ کہ داب علماء ظاہر است احتراز کردیم مشائخ طریقت در ہمہ مصنفات خویش می آرند کہ اے روندہ راہ ہشیار باش وخود را از انکار اولیاء دور دار تا خرمن ایمان خویش را تباہ نسازی و در کلام ربانی نظر کن کہ مہتر موسیٰ کلیم اللہ با کمال مرتبہ نبوت وجلال دبدبہ رسالت بواسطہ ایراد یک سخن لقد جئت شیئاً نکرا (جزو ۱۵ رکوع ۲۲) بمقتضائے شریعت توریت پیش مہتر خضر علیہ السلام عرض نمودند آخر بچہ نوع عذر خواہی وشرمندگی و محتاجگی و تواضع پیش آمدند وبلسان انکسار وافتقار فرمودند لا تؤاخذنی بما نسیت ولا ترھقنی من امری عسرا (جزو ۱۵ رکوع ۲۳) ہر آئینہ نور نبوت موسوی باید تا نور ولایت محمدی را بشناسد بیچارگان اہل ظاہر چہ دانند فی الجملہ مذہب مشائخ طریقت ظاہر است اکنون نباید کہ علماء مجلس شما گمان برند کہ حجت ثبوت مہدیت حضرت سید محمد ہمیں مقدار است فقط نے ما می دانیم کہ این تقریر در محضر علماء شریعت حجت را نمی شاید اما چونکہ شما گفتید کہ قصہ خویش از اول تا آخر بتفصیل بیان کنید بناء علی ذلک این تقریر در میان آوردیم حجت علمی بعد ازین ادا خواہد شد انشاء اللہ تعالیٰ الغرض چوں بناء تصدیق بر بنیاد ذکو

طرف توجہ کی اور حضرتؑ کے آستانۂ شریف پر سر ٹیک دیا۔ لفظی مجادلات ومباحثات جو علماء ظاہر کا طریقہ ہے اس سے ہم نے پرہیز کیا مشائخ طریقت نے اپنے تمام مصنفات میں بیان کیا ہے کہ اے راہ حق پر چلنے والے ہشیار رہ اور خود کو اولیاء اللہ کے انکار سے دور رکھ تاکہ تو اپنے ایمان کے خرمن کو تباہ نہ کرے اور اللہ تعالیٰ کے کلام پر نظر کر کہ رسالت کے دبدبہ کا جلال نبوت کے کمال رکھنے والے مہتر موسیٰ کلیم اللہ نے توریت کی شریعت کے اقتضاء سے مہتر خضرؑ کے حضور میں صرف یہ عرض کیا کہ "تم ایک چیز ناپسند لائے"۔ اور پھر کس طرح عذرخواہی شرمندگی، محتاجی اور تواضع سے پیش آئے اور عاجزی اور محتاجی کی زبان سے فرمایا کہ مجھکو نہ پکڑ میری بھول پر اور مجھ پر نہ ڈالو میرے کام میں سختی۔ البتہ موسوی نبوت کا نور چاہئے تاکہ نور ولایت محمدی یعنی امام مہدیؑ کو پہچانیں بیچارے اہل ظاہر اور پیران جاہل کیا جانیں حاصل کلام مشائخ طریقت کا مذہب ظاہر ہے اب تمہاری مجلس کے علماء کو یہ گمان نہیں کرنا چاہئے کہ ہم نے جو کچھ بیان کیا ہے فقط اسی قدر حضرت سید محمد کی مہدیت کے ثبوت کی حجت ہے نہیں نہیں ہم جانتے ہیں کہ یہ تقریر جو ہم نے کی علماء شریعت کے مجمع میں حجت کے لائق نہیں لیکن چونکہ تم نے کہا تھا کہ اپنا قصہ اول سے آخر تک تفصیل سے بیان کرو اسی لئے ہم نے یہ تقریر درمیان میں لائی علمی حجت اس کے بعد ادا ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ الغرض جب

بوقوع پیوست جماعتی از علماء ظاہر قدم در میدان مباحثہ و مجادلہ نہادند و بر ضلالت و بطلان اعتقاد قرار دادند بلکہ بر اخراج و قتل جماعت ما فتوی دادند بلکہ مجرد ایں سخن کہ مہدی موعود آمد و گذشت چند کساں را بقتل رسانیدند بعد ازاں ما حیران شدیم و با خویش تفکر کردیم آیا ایں عقیدۂ ما خلاف نص قرآن یا حدیث متواتر یا اجماع امت باشد ما را بضرورت تائب باید شد و رجوع بحق باید کرد اگر عقیدۂ ما مخالف نص قرآن و حدیث متواتر و اجماع امت نباشد پس از ملامت و ایذاء ایشاں باکے نیست من عمل صالحاً فلنفسہ و من اساء فعلیہا (جزء ۲۴ رکوع ۱۷) لازم نیست کہ محض از گفتۂ علماء ظاہر تکذیب سید محمد بکنیم و سخنان جماعت عصبہ در باب برادر خورد ایشاں یوسف و لاخوہ احب الی ابینا منا و نحن عصبۃ ان ابانا لفی ضلال مبین ن اقتلوا یوسف (جزء ۱۲ رکوع ۱) القصہ و سخنان جماعت ملائکہ در باب آدم صفی اللہ اتجعل فیہا من یفسد فیہا و یسفک الدماء (جزء ۱ رکوع ۴) معتبر و مقبول نمی داریم علماء زمانہ ما مرتبہ از ایں دو جماعت بالاتر نیستند کہ محض بتقلید ایشاں دعوی صاحب ولایت را رد کنیم بعد ازاں جہت ایں معنی در

مہدی موعودؑ کی تصدیق کی بنا بنیاد مذکور یعنی مشایخ طریقت کے مذہب پر وقوع میں آئی تو علماء ظاہر کی جماعت مباحثہ اور مجادلہ کے میدان میں قدم رکھی اور ہمارے گمراہ اور بد اعتقاد ہونیکا اقرار کی بلکہ ہماری جماعت مہدویہ کے اخراج اور قتل کا فتویٰ دیا اور چند مہدویوں کو محض یہ کہنے پر کہ مہدی موعود آئے اور گئے قتل کروایا اس کے بعد ہم حیران ہوئے اور اپنے دل میں سوچا کہ آیا یہ ہمارا عقیدہ نص قرآن یا حدیث متواتر یا اجماع امت کے خلاف ہے تو ہم کو بلحاظ ضرورت توبہ کرنا چاہئے اور حق کی طرف رجوع کرنا چاہئے اور اگر ہمارا عقیدہ نص قرآن و حدیث متواتر اور اجماع امت کے خلاف نہیں ہے تو مخالفانِ مہدیؑ کی ملامت اور ایذا کا کوئی خوف نہیں جس نے نیک عمل کیا تو وہ اپنے بھلے کے لئے اور جس نے بدکاری کی تو وبال بھی اسی پر۔ لہٰذا ہم پر لازم نہیں کہ محض علماء ظاہر کے کہنے پر حضرت سید محمد مہدیؑ کو جھٹلائیں اور جماعتِ عصبہ کی باتیں ان کے چھوٹے بھائی کے باب میں۔ یوسف اور اس کا بھائی زیادہ پیارا ہے ہمارے باپ کو ہم سے حالانکہ ہم قوت کے لوگ ہیں بیشک ہمارا باپ (یعقوبؑ) صریح غلطی میں ہے مار ڈالو یوسف کو۔ اور ملائکہ کی جماعت کی باتیں آدم صفی اللہ کے باب میں۔ کیا تو نائب بناتا ہے اس میں ایسے شخص کو جو اس میں فساد پھیلائے اور خون بہائے۔ ہم یوسفؑ کے بھائیوں کی جماعت اور فرشتوں کی جماعت کی باتوں کو معتبر اور مقبول نہیں رکھتے تو ہمارے زمانہ کے علماء ظاہر

کتب سلف نظر کردیم ذکر مہدی علیہ السلام در کتب احادیث یافتیم و دیدیم کہ ہیچ حدیث متواتر درباب مہدی علیہ السلام وارد نہ شدہ است مگر ایں قدر ہست کہ علماء سلف مجئ مہدی علیہ السلام را متواتر المعنی داشتہ اند واما در علامات ہیچ مجتہد ومفسر بطریق قطع ویقین چیزے نگفتہ است چراکہ آں احادیث کہ دلالت بر علامات می کنند ظاہر و اظہر است کہ از جملہ احاد اند والخبر الواحد مع اشتمالہ بجمیع الشروط لا یفید الا الظن والظن لا یعبأ بہ فی الاعتقادیات وایضا باوجود مرتبہ احادیث در احادیث مذکورہ تعارض بسیار است وتناقض بسیار چنانچہ از بعضے احادیث اجتماع مہدی وعیسے علیہما السلام معلوم میشود واز بعضے افتراق ہمچناں از بعضے احادیث معلوم می شود کہ خروج دجال در زمانہ مہدی باشد واز بعضے مفہوم می گردد کہ خروج او بعد از گذشتن مہدی است ہمچناں در مولد ومبعث ومدفن و تاریخ ظہور اختلاف بسیار است فلذلک توقف علماء السلف فی ھذا الباب لوفور دیانتھم واحالوا العلم الی عالمہ واتفقوا علی انہ امام عادل من ولد فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

جو ان دونو جماعتوں سے بڑھکر مرتبہ نہیں رکھتے محض ان کی اندھی تقلید کی بناء پر صاحب ولایت یعنی مہدیؑ کے دعوی کو کسطرح رد کریں۔ ہم نے اسی معنی کی تحقیق کے لئے سلف کے کتب کو دیکھا تو احادیث کی کتابوں میں مہدیؑ کے ذکر کو پایا اور دیکھا کہ کوئی حدیث متواتر مہدیؑ کے باب میں نہیں آئی ہے مگر اس قدر ہے کہ علماء سلف نے مجئ مہدی علیہ السلام کو متواتر المعنی قرار دیا ہے لیکن علامات کے متعلق کوئی مجتہد ومفسر نے قطع ویقین کے طور پر کچھ بھی نہیں کہا اس لئے کہ وہ احادیث جو علامات پر دلالت کرتی ہیں ظاہر واظہر ہیں کہ وہ سب احاد ہیں۔ اور خبر واحد اپنے تمام شرائط کو شامل ہونے کے باوجود صرف ظن کا فائدہ دیتی ہے اور ظن اعتقادات میں معتبر نہیں اور نیز مرتبۂ احادیث کے باوجود احادیث مذکورہ میں تعارض وتناقض بہت ہے چنانچہ بعضے احادیث سے مہدی اور عیسی علیہما السلام کا جمع ہونا معلوم ہوتا ہے اور بعضوں سے جمع نہ ہونا معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح بعضے احادیث سے معلوم ہوتا ہے مہدیؑ کے زمانہ میں دجال نکلیگا اور بعضوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مہدیؑ کے وصال کے بعد دجال نکلیگا۔ اسی طرح مہدیؑ کے مولد مبعث مدفن اور تاریخ ظہور میں اختلاف بہت ہے۔ اسی لئے اس باب میں علماء سلف نے اپنی کثرت دیانت کی وجہ توقف کیا ہے اور علامات کے علم کو اللہ

وسلم یخلقه الله متی شاء ویبعثه نصرة لدینه۔ فی الجمله از مضمون احادیث متعارضه احتمالات پیدا می شود و در مجلس بادشاه نیز علماء لشکر بادشاه و علماء نهرواله سعی بلیغ نمودند اما نفی امکان و رفع احتمال ثبوت مهدیت حضرت سید محمدؑ نتوانستند و آں مجلس بحث بریں معنی قرار گرفته که ممکن و محتمل است که حضرت سید محمد مهدی موعودؑ باشند و مصدق ایشاں ہم رغما مطعون نمی باشد اما بدلیل امکان و حجت احتمال شما را نباید که دیگران را دعوت کنید لان المحتمل لیس بحجة قطعیة الحاصل بعد از تتبع کتب احادیث مبرهن شد که بر مصدق حضرت سید محمدؑ هیچ عیب و طعن لازم نمی آید و نسبت کفر و ضلالت و بدعت نمی شاید و فتوی قتل بریں جماعت محض جور و ظلم است رحم الله علی من انصف بعد ازاں علماء سوال کردند که از مضمون تقریر شما معلوم شد که مهدی امام باشد باتفاق علماء سلف اما ایں شخص که شما او را مهدی میگوئید امام نشد پس شما بزبان خود ملزم شدید ایں ضعیف جواب داد که امامت مهدیؑ باید که با امامت پیغمبراں مشابهت داشته باشد نه با امامت پادشاہان زمانه که جمیع پیغمبراں امام بودند و در امامت پیغمبراں قبض ملک و تصرف اموال شرط نکرده اند حق سبحانه

کے حوالہ کیا ہے اور اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ مہدیؑ امام عادل ہے فاطمہ بنت رسول اللہ کی اولاد سے پیدا کریگا اللہ جب چاہے گا اور مبعوث کریگا اس کو اپنے دین کی نصرت کے لئے فی الجملہ احادیث متعارضہ کے مضمون سے احتمالات پیدا ہوتے ہیں بادشاہ کی مجلس میں بھی بادشاہ کے لشکر کے علماء اور شہر نہروالہ کے علماء نے بہت کچھ کوشش کی مگر حضرت سید محمدؑ کی مہدیت کے ثبوت کے امکان و احتمال کی نفی اور رفع نہیں کر سکے اور اس مجلس میں بحث اس معنی پر قرار پائی کہ ممکن و محتمل ہے کہ حضرت سید محمد مہدی موعود ہوں گے اور آپ کا مصدق لائق طعن نہ ہوگا لیکن امکان کی دلیل اور احتمال کی حجت کی بناء پر تم کو نہیں چاہیے کہ دوسروں کو اپنے مذہب کی دعوت دیں اس لئے کہ محتمل حجت قطعیہ کے لائق نہیں الحاصل کتب احادیث کی تتبع سے ظاہر ہوا کہ حضرت سید محمدؑ کے مصدق پر کوئی عیب و طعن لازم نہیں آتا کفر ضلالت اور بدعت کی نسبت مصدقوں کے لائق نہیں اور اس جماعت مہدویہ پر قتل کا فتوی دینا محض جور و ظلم ہے۔ اللہ رحم کرے اس پر جس نے انصاف کیا۔ اس کے بعد علماء نے سوال کیا کہ تمہاری تقریر کے مضمون سے معلوم ہوا کہ علماء سلف کے اتفاق سے مہدیؑ امام ہوگا لیکن یہ شخص جسکو تم مہدیؑ کہتے ہو امام نہوا پس تم اپنی زبان سے ملزم ہوئے۔ اس ضعیف نے جواب دیا کہ مہدیؑ کی امامت کیلئے لازم ہے کہ پیغمبروں کی امامت کی مشابہت رکھے نہ کہ زمانہ کے بادشاہوں کی

وتعالیٰ در باب ایشاں می فرماید جعلنا منهم ائمة یهدون بامرنا لما صبروا (جزء ۲۱ رکوع ۱۲) وچند صد پیغمبران باکمال غربت و جمال نکنت از دست منکران شربت شہادت چشیدہ اند آنجا قبض ملک و کثرت جیوش و تصرف اموال کجا بودہ بنا بریں معنی مقرر و متحقق شد کہ حضرت سید محمد امام بودند وبمقتضائے آیہ کریمہ یهدون بامرنا سوی حق راہ نمودند الحاصل بعد از تتبع کتب احادیث مبرہن شد کہ حضرت سید محمد امام بودند بعد ازاں علماء سوال کردند کہ در بارہ مہدی علیہ السلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم فرمودہ اند یملأ الارض قسطاً وعدلاً کما ملئت جوراً وظلماً الحدیث ایں حدیث را درست میدارید یا موضوع میگوئید ایں ضعیف گفت درست میداریم والی گفت کہ تطبیق ایں حدیث با مدعاء شما چہ نوع می شود ایں ضعیف گفت کہ حق سبحانہ وتعالیٰ در قصہ مہتر شعیب علیہ السلام میفرماید ولا تفسدوا فی الارض بعد اصلاحها (جزء ۸ رکوع ۱۲) مراد ازیں ارض زمین مدین است چرا کہ مہتر شعیب علیہ السلام بر اہل زمین مدین مبعوث شدہ اند کما قال اللہ تعالیٰ والی مدین اخاهم شعیبا (جزء ۸ رکوع ۱۰) و باجماع

امامت کی مشابہت رکھے کیونکہ تمام پیغمبر امام تھے اور پیغمبروں کی امامت کیلئے ملک کے قبضہ اور اموال کے تصرف کو شرط نہیں کیئے اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کے باب میں فرمایا ہے کہ ہم نے بنائے انمیں سے ائمہ کہ ہدایت کرتے تھے ہمارے حکم سے جبکہ انہوں نے صبر کیا اور چند سو پیغمبروں نے کامل غربت اور خوبی قدرت کی حالت میں منکروں کے ہاتھ سے شہادت کا شربت چکھا ہے ان کے لئے ملک پر قبضہ فوج کی کثرت اور اموال کا تصرف کہاں تھا اس معنی کی بناء پر مقرر اور متحقق ہوا کہ حضرت سید محمد مہدی موعودؑ امام تھے اور آیۂ کریمہ یهدون بامرنا (ہدایت کرتے تھے ہمارے حکم سے) کی اقتضا سے اللہ کی طرف ملائے الحاصل کتب احادیث کی تتبع سے ظاہر ہوا کہ حضرت سید محمدؑ امام تھے۔ اس کے بعد علماء نے سوال کیا کہ مہدیؑ کے باب میں پیغمبر صلعم نے فرمایا کہ بھر دیگا زمین کو قسط و عدل سے جیسا کہ بھری گئی زمین جور و ظلم سے آیا تم اس حدیث کو درست رکھتے ہو یا موضوع کہتے ہو۔ اس ضعیف نے کہا کہ ہم درست رکھتے ہیں۔ حاکم نے کہا کہ اس حدیث کی تطبیق تمہارے مدعا سے کیسے ہو سکتی ہے۔ اس ضعیف نے کہا حق سبحانہ و تعالیٰ مہتر شعیبؑ کے قصہ میں فرماتا ہے اور نہ فساد کرو زمین میں اس کی اصلاح کے بعد۔ اللہ تعالیٰ ارض جو فرمایا ہے اس ارض سے مراد مدین کی زمین ہے کیونکہ مہتر شعیب مدین کی زمین پر رہنے والوں پر مبعوث ہوئے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور ہم نے

مفسران امت مرحومہ مقرر شدہ است کہ کہ در تمام شہر مدین چہار لک سوار بودند جز دو دختر مہتر شعیب علیہ السلام ہیچکس تصدیق نکردہ و روے در اطاعت ایشان نیاوردہ معہذالک حق سبحانہ و تعالے میفرماید لا تفسدوا فی الارض بعد اصلاحہا یعنی تباہی مکنید اے امت شعیب در زمین مدین بعد اصلاح آن زمین پس اینجا تامل باید کرد کہ ہیچ یکے از اہل مدین تصدیق نکردہ بود و از فساد بیرون نیامدہ اینجا بعد اصلاحہا چہ معنی دارد پس بضرورت معلوم شد کہ ازیں اصلاح مراد دعوت مہتر شعیب علیہ السلام است بصلاح اگر کسے اطاعت کند یا نکند بحکم کلام ربانی توان گفت کہ مہتر شعیب علیہ السلام زمین مدین را بصلاح آوردند چنانچہ بعض مفسران تحت ایں آیت می نویسند در فعل بنفسہ و دعی لغیرہ پس بنابریں معنی چنانچہ مہتر شعیب علیہ السلام زمین مدین را بصلاح آراستند ہمچناں مہدی علیہ السلام تمام زمین را بعدل آراستند بلکہ اینجا بسیار کساں در تصدیق و اطاعت آں ذات احوال و نفس در باختند و خویشتن را نشانۂ تیر ملامت می ساختہ اند

بھیجا مدین کی جانب ان کے بھائی شعیب ؑ کو۔ امت مرحو کے مفسروں کی اجماع سے یہ بات مقرر ہے کہ تمام شہر مدین میں چار لاکھ سوار تھے مگر شعیب کی دو لڑکیوں کے سوائے کسی شخص نے حضرت ؑ کی تصدیق نہ کی اور فرمانبردار نہوئے اس کے باوجود اللہ تعالے فرماتا ہے

لا تفسدوا فی الارض بعد اصلاحہا

یعنی تباہی مت کرو اے شعیب کی امت مدین کی زمین میں اس زمین کی اصلاح ہونے کے بعد پس یہاں غور کرنا چاہیئے کہ اہلیان مدین میں سے کسی نے شعیب ؑ کی تصدیق نہیں کی اور فساد سے باز نہ رہے تو پھر فرمان خدا بعد اصلاحہا (زمین کی اصلاح کے بعد) کیا معنی رکھتا ہے پس بضرورت معلوم ہوا کہ اس اصلاح سے مراد مہتر شعیب ؑ کی دعوت صلاح ہے۔ (نیکی کی طرف بلانا ہے) کوئی شخص اطاعت کرے یا نہ کرے کلام ربانی کے حکم سے کہہ سکتے ہیں کہ مہتر شعیب ؑ مدین کی زمین کو صلاح کی طرف لائے چنانچہ بعض مفسروں نے لا تفسدوا فی الارض الآیۃ کے تحت لکھا ہے کہ اپنی ذات سے نیک کام کیا اور دوسروں کو نیکی کی طرف بلایا۔ پس اس معنی کے لحاظ سے جیسا کہ مہتر شعیب ؑ نے مدین کی زمین کو صلاح سے آراستہ کیا اسی طرح حضرت مہدی ؑ نے تمام زمین کو عدل سے آراستہ کیا بلکہ حضرت مہدی ؑ کے حضور میں بہت سے لوگوں نے آپکی تصدیق و اطاعت قبول کرکے اپنی جان

بعد ازاں علماء گفتند کہ بریں وجہ نیز حجت شما درست نمی آید زیرا کہ شما در یک شہر پٹن این شور و غوغا برانگیختہ اید و باقی در ہیچ شہر و ولایت این خبر نیست پس توجیہ شما کہ مہدی تمام زمین را بعدل و قسط پر کردہ چنانچہ شعیب علیہ السلام تمام زمین مدین را درست نماید تقریر کردید کہ الزام بر خویش آوردید این ضعیف گفت در کلام شما تعارض می آید حالا شما می گفتید کہ در وقت سلیم شاہ چونکہ شیخ علائی را برائے قتل حاضر کردند شیخ مذکور از عقیدۂ خود برنگشت و بعضے تابعان ایشان ازیں عقیدہ تائب شدند کسے بایشاں سوال کرد کہ چونست کہ شما تائب نمی شوید و ایشان تائب شدند جواب داد کہ مقتدا را تمسک بہ عزیمت اولیٰ تر است اگر مقتدے میل سوے رخصت کند عیب نیست غرض آنکہ شما را معلوم است کہ مثل میاں شیخ علائی کہ بعلم و تقویٰ و ریاضت و زہد دراں دیار ہیچ یکے مشہور تر از ایشاں نبودہ این عتبہ را قبلۂ خود ساختہ اند و جان لطیف خود را در محبت این آستانۂ شریف در باختند این خبر در عالم منتشر گشت کہ عالمے عاملے متشرع متورع پیر طریقت استاد شریعت این خبر داد کہ مہدی موعود علیہ السلام آمد و گذشت دیا سلاطین و خواتین و

اور یہاں کو نثار کر دیا اور خود کو ملامت کے تیر کا نشانہ بنا دیا اس کے بعد علماء نے کہا اس وجہ پر بھی تمہاری حجت درست نہیں اس لئے کہ تم نے صرف ایک شہر پٹن میں یہ شور و غوغا اٹھایا ہے اور باقی کسی شہر اور ولایت میں یہ خبر مشہور نہیں پس تمہاری یہ حجت کہ مہدی تمام زمین کو عدل اور قسط سے بھر دیا جیسا کہ شعیبؑ نے تمام زمین مدین کی اصلاح کی درست نہیں تم اپنی تقریر سے خود ملزم ہوئے اس ضعیف نے کہا کہ تمہارے کلام میں تعارض آتا ہے اسلئے کہ ابھی تم کہتے تھے کہ سلیم شاہ کے وقت جب شیخ علائی کو قتل کے لئے حاضر کیئے تو شیخ مذکور اپنے عقیدہ سے پلٹے نہیں ان کے بعض تابعین نے اس عقیدہ سے توبہ کی کسی نے شیخ علائی سے سوال کیا کہ یہ کیا ہے کہ تم نے تو توبہ نہیں کی اور یہ لوگ تائب ہو گئے جواب دیا کہ پیشوا کے لئے عالیت اختیار کرنا زیادہ بہتر ہے اگر مقتدی نے رخصت کی طرف توجہ کی تو عیب نہیں غرضکہ تم کو معلوم ہے کہ میاں شیخ علائی کی طرح کوئی شخص علم و تقویٰ ریاضت اور زہد میں اس شہر میں ان سے زیادہ مشہور نہ تھا میاں ممدوح نے حضرت مہدیؑ کے آستانہ کو اپنا قبلہ بنایا اور اپنی پاک جان کو اس آستانۂ شریف کی محبت میں نثار کر دیا یہ خبر عالم میں پھیل گئی ہے کہ ایک عالم عامل شرع کا پابند پرہیزگار پیر طریقت استاد شریعت نے یہ خبر دی ہے کہ مہدی موعود آئے اور گئے اور ممدوح نے بادشاہوں پردہ نشین عورتوں عالموں

علماء و مشائخین بدلائل و براہین مقابلہ کردہ در عرب و عجم کم کسے باشد کہ گوید کہ ایں خبر نشنیدہ ام و شمامی گوئید کہ غیر از شہر پٹن ایں خبر نیست ایضاً ایں زماں شما میگفتند کہ علماء ایں دیار ازیں فتنہ عاجز آمدہ اند انگاہ فریاد بہ مکہ نوشتند اکابران آنجائی محضرہ کردہ برایں جماعت فتوے نوشتند کہ نزدیک سی سال باشد کہ ایں فتوی در گجرات آمدہ است علماء عرب را معلوم شدہ است کہ برروئے زمین گروہے انبوہ پیدا شدہ است کہ علماء عجم را حیران ساختہ اند و خلائق تقلید قول ایشاں میکنند ایں خبر در مکہ و مدینہ حرسہما اللہ تعالے عن الآفات والبلیات منتشر و مشتہر است و باز شمامی گوئید کہ در پٹن شنیدہ ایم کہ کسے دعوی مہدیت کردہ است تا غایت نشنیدہ بودیم ایضاً ایں زماں ما را میگفتند کہ شومی اضلال شما تا گوڑ و پورب رفتہ است و در آنجا ہزاراں ہستند کہ بتقلید سخن شما دریں فتنہ افتادہ اند ایں عقیدہ را قبول کردہ اند و در بدخشاں نیز فتنہ شما رفتہ است یکے بدخشانی دریاران شما کشتہ شدہ است اہل شیراز از تقلید شما در فتنہ افتادہ اند ملا علاء الدین از شیراز آمدہ در صحبت شما ماندہ و در ہرلو و فرح و قندہار ایں جماعت ہستند و دیگر شیخ عبد الغنی

اور مشائخوں کیساتھ ثبوت مہدیت میں دلائل و براہین سے مقابلہ کیا ہے عرب اور عجم میں کم کوئی شخص ہوگا جو یہ کہتا ہو کہ میں نے یہ خبر نہیں سنی اب تم کہتے ہو کہ شہر پٹن کے سوائے کہیں یہ خبر نہیں پہنچی نیز ابھی تم کہہ رہے تھے کہ اس شہر کے علماء نے اس فتنہ سے عاجز آکر علماء مکہ سے فریاد کی لہذا مکہ کے علماء نے محضر و کرکے جماعت مہدویہ پر (ان کے قتل کا) فتوی لکھا یہ فتوی گجرات میں آکر تیس سال کا عرصہ ہوا ہے علماء عرب کو معلوم ہو چکا ہے کہ روئے زمین پر مہدیوں کا بڑا گروہ پیدا ہو گیا ہے جو علماء عجم کو حیران کردیا ہے اور مخلوق گروہ مہدویہ کے قول کی تقلید کرتی ہے (یہ مان لیتی ہے کہ مہدی موعود آئے اور گئے) یہ خبر مکہ اور مدینہ میں (اللہ تعالے ان دونوں مقامات کو آفات اور بلیات سے محفوظ رکھے) منتشر اور مشہور ہو گئی اور پھر تم کہتے ہو ہم نے سنا ہے کہ پٹن میں کسی نے دعوی مہدیت کیا ہے اس سے بڑھکر ہم نے نہیں سنا۔ نیز ابھی تم ہم کو کہتے تھے کہ تمہاری گمراہی کی نحوست گوڑ اور پورب پہنچ گئی ہے اور وہاں ہزاروں اشخاص ہیں جو تمہاری بات کی تقلید کرکے (مہدی موعود آئے اور گئے کہکر) اس فتنہ میں پڑے ہوئے ہیں اس عقیدہ کو قبول کرلئے ہیں اور بدخشاں میں بھی تمہارا فتنہ پہنچ گیا ہے تمہارے احباب میں سے ایک بدخشانی قتل کیا گیا ہے اہل شیراز تمہاری تقلید سے فتنہ میں پڑے ہوئے ہیں۔ ملا علاء الدین شیراز سے آکر تمہاری صحبت میں رہ گئے ہیں۔ ہرلو و فرح اور قندہار میں جماعت

که صدر پادشاه است و قاضی یعقوب که ملک
القضاة است این هر دو بزرگان در مجلس
پادشاه بحضور پادشاه و علما این ضعیف را
گفتند که پادشاه در گجرات برائے تدارک شما
آمده و گرنه لشکر پادشاه گجرات این چنین قوی
نبود که پادشاه را خود می بایست آمد برائے
قبض این ملک یک نوکر بسند بود لیکن به
جهت دفع فتنه و غوغا شما پادشاه بذات
خود قدم فرموده اند فی الحقیقت این ضعیف
درین گروه بمقدار یک خاشاک هم اعتبارے
نمی دارد برائے دفع این چنین کس پادشاه
را بذات خود آمدن ضرورت شد اکنون
انصاف کنید که این چنین چون باید گفت
که این خبر یعنے خبر مدعا مهدیت غیر از شهر
پٹن هیچ جا نشنیده ایم بلکه در عالم آفاق
غلغله افتاده که گروه انبوه ظاهر شده است
و خلق را به ترک بدعت و متابعت سنت
رسول صلی الله علیه وسلم بموافقت قرآن و
ائتمار اوامر شرعیه و اجتناب نواهی آن دعوت
میکنند و در معاملات و عبادات قدم همت
جز بذروه عزیمت نمی نهند و بر تقوی و توکل
و صدق و دیانت و عزلت و انفراد و اختیار
فقر و بذل مال استحکام و رسوخ تمام دارند
و برین عقیده مصر و مستحکم اند بلکه لیلا و نهارا
سرا و جهرا بدین ترانه مترنم اند که ان المهدی

مہدویہ موجود ہے و دیگر یہ کہ شیخ عبدالنبی جو بادشاہ
کے صدر ہیں اور قاضی یعقوب جو ملک القضات
ہیں یہ دونوں بزرگوں نے بادشاہ کی مجلس میں
بادشاہ اور عالموں کے حضور میں اس ضعیف کو کہا
کہ اکبر بادشاہ تمہارے تدارک کے لئے گجرات
آیا ورنہ گجرات کے بادشاہ کا لشکر ایسا قوی نہ
تھا کہ خود اکبر بادشاہ کو آنے کی ضرورت ہوتی گجرات
پر قبضہ کرنے کے لیئے اکبر بادشاہ کا ایک نوکر کافی
تھا لیکن تمہارے شور اور فتنہ کے سبب سے اکبر
بادشاہ بذات خود گجرات تشریف لائے ہیں۔ یہ
ضعیف درحقیقت اس گروہ مہدویہ میں ایک تنکا اس
کی کاڑی کی وقعت نہیں رکھتا ہے ایسے شخص کو
دفع کرنے کے لئے اکبر بادشاہ کو بذات خود آنے
کی ضرورت ہوئی تو اب انصاف کرو کہ ایسا کسطرح
کہہ سکتے ہیں کہ یہ خبر یعنی مدعا مہدیت کی خبر شہر
پٹن کے سوائے ہم نے کسی جگہ نہیں سنی۔ بلکہ تمام
عالم میں غلغلہ ہو گیا ہے کہ مہدویوں کا بڑا گروہ
ظاہر ہو گیا ہے اور خلق کو بدعت ترک کرنے سنت
رسول صلعم کی پیروی اور قرآن شریف کی موافقت
کرنے اوامر شرعیہ کی ادائی اور ممنوعات شرعیہ
سے پرہیز کرنے کی دعوت کرتا ہے اور معاملات
وعبادات میں ہمت کا قدم عالیت کی بلندی پر
رکھتا ہے تقوی توکل صدق دیانت گوشہ نشینی
تنہائی فقر و فاقہ اختیار کرنے خدا کی راہ میں مال
دینے میں استوار اور کامل مضبوطی رکھتا ہے اور

الموعود قد جاء و مضی۔ بزرگان
را این چنین سخن فضولانه نباید گفت که خبر
مدعاء این جماعت غیر از شہر پٹن ہیچ جا نیست
درین محل والی گفت که ورلٹے لکم دینکم
ولی دین مارا ہیچ تدبیر نیست که الزام بر
ایشان بتقریر غیر ممکن است اما چو نست که
مفسران این آیت را منسوخ داشته اند۔
این ضعیف گفت که بعضے مفسران غیر منسوخ
ہم گفته اند والی گفت که کدام مفسر غیر منسوخ
گفته است این ضعیف گفت قاضی بیضاوی
بعد ازاں اکابران مجلس بوالی التماس کردند
و گفتند که مرزا با شیخ مہدوی مباحثه حاجت
نیست التفات به سخن وے نباید کرد که او
فتنهٔ روزگار است ما که اہل علم ہم مجلس بادشاہ
ہستیم اگر اندکے گوش بر سخن او می نہیم در خاطر
ما می آید که وے برحق باشد سخن وے بردل
ما اثر می کند این چنین فتنه را نباید گذاشت و
حجت ما ہمیں فتوی اہل مکه بس است چرا که
اہل مکه افضل عالم اند پس فتوی اوشاں ناحق
نخواہد شد بحکم آں فتوی بقتل باید رسانید
والی این ضعیف را پرسید که شما بمکه رفته اید
این ضعیف گفت نرفته ام باز پرسید که علماء
مکه در گجرات آمده اند این ضعیف گفت نیامده
اند والی گفت پس چه کسانند که بے محضر بے مباحثه و
بے تفہیم در مدعاء ایشاں محض بر گفته د

اس عقیدہ پر مصر اور مستحکم ہے بلکہ رات دن آہستہ
اور علانیہ یہ گیت گاتا ہے کہ بیشک مہدی موعود
آئے اور گئے۔ بزرگوں کو چاہیئے کہ ایسے فضول باتیں
نہ کریں کہ جماعت مہدویہ کے مدعا کی خبر شہر پٹن کے
سوائے کسی جگہ نہیں ہے اس موقع پر اکبر بادشاہ نے
کہا کہ لکم دینکم ولی دین (تم کو تمہارا دین اور
مجھ کو میرا دین) کہنے کے سوائے کوئی دوسری تدبیر
نہیں کیونکہ انکو (میاں شیخ مصطفےٰ کو) تقریر سے الزام
دینا غیر ممکن ہے۔ لیکن یہ کیا بات ہے کہ مفسروں نے
لکم دینکم کی آیت کو منسوخ رکھا ہے۔ اس ضعیف نے
کہا کہ بعضے مفسروں نے غیر منسوخ بھی کہا ہے۔ حاکم نے کہا کون
سے مفسر نے غیر منسوخ کہا ہے اس ضعیف نے کہا قاضی
بیضاوی نے کہا ہے۔ اس کے بعد اکابران مجلس نے حاکم
سے التماس کیا اور کہا کہ اے مرزا شیخ مہدوی سے
مباحثہ کرنیکی ضرورت نہیں اس کی بات پر توجہ نہیں کرنی
چاہیئے کہ وہ زمانہ کا فتنہ ہے ہم اہل علم بادشاہ کے
ساتھ بیٹھنے والے ہیں اگر شیخ کی بات کچھ توجہ سے
سنتے ہیں تو دل میں آتا ہے کہ شیخ حق پر ہے اس
کی بات ہمارے دل پر اثر کرتی ہے ایسے فتنہ کو نہیں چھوڑنا
چاہیئے۔ اہل مکہ کا فتوی ہمارے لیئے کافی حجت ہے
کیونکہ اہل مکہ عالم میں افضل ہیں پس ان کا فتوی ناحق نہ ہوگا
اس فتوی کے حکم سے شیخ کو قتل کرنا چاہیئے۔ حاکم نے
اس ضعیف سے پوچھا کیا تم مکہ گئے تھے۔ اس ضعیف
نے کہا نہیں پھر پوچھا مکہ کے علماء گجرات آئے ہیں
اس ضعیف نے کہا نہیں آئے۔ حاکم نے کہا یہ کیسے لوگ

دشمنان ایشان فتوی نوشتند این کار
عالمان خدا پرست نباشد بعد ازان اکابرانِ
مجلس گفتند که اے مرزا بہ نسبت علم علماء مکہ
ما عامیانیم مارا ایراد و اعتراض بر قول ایشان
نمی رسد تقلید قول ایشان بباید کرد و برو
عمل باید ورزید بعد ازاں والی التفات بہ
ملّازادہ کرد و گفت کہ اے ملّازادہ آں قصہ چگونہ
بود کہ پدر شما بہ مکۂ مبارک رفتہ بودند مدتے آنجا
بتدریس مشغول شدند و درمیان خلق آنجائی
باستادی و بمقتدائی مشہور گشتند بعد ازیں علماء
مکہ بر ایشان فتوی کردند کہ ایں شخص رافضی
و دشمن دین است و واجب القتل است
اکنوں چہ میگوئید کہ فتوی او شان برحق بود
و پدر شما واجب القتل بود یا علماء بواسطہ شہرت
باوے حسد کردند و بناحق فتوی دادند بعد
ازاں ملّازادہ گفت کہ اگر صاحب بحضور
معتمدان علماء دین را شرمندہ کنند پس کیست
کہ علماء دین را نصرت دہد والی گفت در بحث
علمی چہ نامعقول سخن میگوئید جواب علمی باید
داد اکنوں شما معتقد پدر خود ہستید و اورا بر
مذہب اہل سنت و جماعت می دانید نہ
رافضی پس بنابریں معنی علماء مکہ با پدر شما
حسد کردہ باشند و ہرگاہ کہ با پدر شما حسد کردند
پس بکدام دلیل معلوم شد کہ با ایشاں حسد
نکردند جواب بدہید ملّازادہ خاموش ماند۔

ہی آنے کے بغیر اور مباحثہ و فہمائیش کرنے کے بغیر
تہدویوں کے معاد (تہدہو) ہوگئے اور گئے ہے کے متعلق محض
انکے دشمنوں کے کہنے پر انکے قتل کا فتوی لکھ دیئے۔
یہ کام خدا پرست عالموں کا نہیں ہے اسکے بعد اکابرانِ
مجلس نے کہا اے مرزا علماء مکہ کے علم کی نسبت ہم
جاہل ہیں ان کے قول پر ایراد و اعتراض ہمارے لیئے
سزاوار نہیں ان کے قول کی تقلید کرنی چاہیئے اور اس
پر عمل کرنا چاہئے اسکے بعد حاکم نے (اکبر نے) ملّازادہ
کی طرف توجہ کی اور کہا اے ملّازادے وہ قصہ کیا تھا
کہ تمہارے باپ مکۂ مبارک کو گئے تھے اور عرصۂ دراز
تک وہاں درس دینے میں مشغول تھے اور وہاں کے
لوگوں میں استادی اور پیشوائی میں مشہور ہوگئے اس کے
بعد علماء مکہ نے ان پر فتوی دیا کہ یہ شخص رافضی اور دین
کا دشمن ہے اور واجب القتل ہے اب تم کیا کہتے ہو کہ
علماء مکہ کا فتوی برحق تھا اور تمہارے باپ واجب القتل
تھے یا علماء مکہ نے تمہارے باپ کی شہرت کی وجہ
ان سے حسد کر کے ناحق فتوی دیا۔ اسکے بعد ملّازادہ نے
کہا اگر صاحب بدعتیوں (تہدویوں) کے سامنے علماء
دین کو شرمندہ کریں تو پس کون ہے جو علماء دین کی
مدد کرے حاکم نے کہا علمی بحث میں کیا نامعقول بات
کہتے ہو علمی جواب دینا چاہئے اب تم اپنے باپ کے
معتقد ہو اور اپنے باپ کو اہل سنت و جماعت کے
مذہب پر جانتے ہو نہ کہ رافضی سمجھتے ہو پس اس
معنی کے لحاظ سے علماء مکہ تمہارے باپ کیساتھ حسد کیئے
ہوں گے جب علماء مکہ نے تمہارے باپ کے ساتھ ہی حسد

علماء چوں دریں بحث ملزم شدند در میدان دیگر در آمدند و گفتند کہ اے مرزا ایشاں را بپرسید کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم فرمودہ اند کہ الحق یعلو یعنی حق بر باطل غالب باشد پس چہ نسبت کہ جماعت ایشاں ہر جا کہ ہستند ہمہ بمسکنت و مذلت می باشند و ما ہمیشہ بر ایشاں غالبیم اگر ایشاں بر حق باشند ایں چنیں چوں واقع شود والی گفت ایں سوال ما با ایشاں حاجت نیست۔ جواب ایں سوال آنچہ در دل ایشاں ست من بشما بگویم علما گفتند چہ جواب است بگوئید والی گفت حق بر باطل غالب است چنانکہ ایں شخص بر ما غالب است ببینید کہ ما پنجاہ و شصت کس ہستیم بسوالہا ے با ایشاں چسپیدہ ایم و ایشاں با ایں غربت و مسکنت و زنجیر و مصیبت پدر و اخوان و مفارقت اقارب و خلان در مجلس ما بنوعی نشستہ اند گویا کہ بابا ہمہ نشستہ است ہر سوال را جواب با حشمت و وقار و دلیری و استبداد می دہند غلبۂ حق بر باطل ایں باشد علماء گفتند کہ ایں تاویل از راہ صواب بعید است غلبۂ ظاہری می باید والی گفت ایں سخن شما نا معقول است چرا کہ اگر دو بیست سوار مغل دہ سوار فرنگ ببینند از دور چناں بگریزند کہ گوسفند از گرگ پس بنا بریں تقریر

کیے تو تمکو کس دلیل سے معلوم ہوا کہ جماعت مہدیہ کیساتھ حسد نہیں کیئے تم میرے اس سوال کا جواب دو ملازادہ خاموش ہوگیا جب علماء اس بحث میں ملزم ہوئے تو انہوں نے دوسرا پہلو اختیار کیا اور کہا اے مرزا شیخ سے پوچھو کہ پیغمبر صلعم نے فرمایا ہے کہ حق غالب ہے باطل پر پس یہ کیا بات ہے کہ جماعت مہدویہ جہاں کہیں رہتی ہے مفلسی و ذلت میں رہتی ہے اور ہم لوگ ہمیشہ ان پر غالب رہتے ہیں اگر مہدوی حق پر ہوتے تو ان کی حالت ایسی زبون کیوں رہتی حاکم نے (اکبر نے) کہا ہماری طرف سے یہ سوال شیخ سے کرنے کی ضرورت نہیں اس سوال کا جواب جو کچھ شیخ کے دل میں ہے میں تم سے کہتا ہوں علماء نے کہا کیا جواب ہے کہو اکبر نے کہا حق غالب ہے باطل پر جیسا کہ یہ شیخ ہم پر غالب ہے دیکھو کہ ہم پچاس ساٹھ اشخاص ہیں سوالات کرنے میں شیخ سے چمٹے ہوئے ہیں اور شیخ اپنی اس غربت مفلسی بیڑی باپ اور بھائی کی مصیبت عزیزوں اور دوستوں کی جدائی کے باوجود ہماری مجلس میں ایسے بیٹھے ہوئے ہیں گویا کہ ہم سب کا سردار بیٹھا ہوا ہے اور ہمارے ہر سوال کا جواب حشمت و وقار دلیری و استقلال کے ساتھ دے رہے ہیں حق کا غلبہ باطل پر یہ ہے۔ علماء نے کہا تمہاری یہ تاویل راہ صواب سے دور ہے غلبہ ظاہری چاہیئے حاکم نے کہا تمہاری یہ بات نا معقول ہے کیونکہ اگر دو سو سوار مغل کے دس فرنگی سواروں کو دیکھتے ہیں تو دور سے ایسے بھاگتے ہیں جیسا کہ لانڈگے کو دیکھکر بکرے بھاگتے ہیں پس

شما باید گفت کہ فرنگیاں برحق باشند بحث نا معقول نباید کرد القصہ بعد ازیں تقریر والی بایں ضعیف التفات کرد شما از مضمون احادیث امکان و احتمال ثابت کردید یعنی ممکن و محتمل است کہ مدعاء شما درست باشد پس معلوم شد کہ بواسطۂ ایں عقیدہ بر شما قتل و اخراج لازم نمی آید اگر ایں عقیدہ گرفتہ بخیال خود مشغول می شدید و خلق را برایں عقیدہ دعوت نمی کردید ایں مضرت بشما نمی رسید بدلیل امکانی و حجت احتمالی و برہان ظنی چندیں بازار گرم کردن و خلق را فریفتن و بالقطع حکم کردن کہ مہدی موعود بعد ازیں ہرگز نخواہد آمد و بطلان و کذب آں احادیث کہ مخالف ایں احتمال است یقین نمودن و جماہیر علماء را بر ضلالت داشتن محض ضلالت و بے راہی است بنادانی و غرور خود در تعب افتادہ اید اکنوں باید کہ تائب شوید و برایں عبارت بگوئید کہ پیر ما ولی کامل بود او بر خود ایں دعوی کردہ است و از روئے حدیث ممکن و محتمل است کہ دعوی او درست باشد و ما در سلسلۂ او ہستیم پس ما را نمی باید و نمی شاید کہ از سخن پیر خود کہ در شریعت ممکن و محتمل باشد انکار کنیم و بالفرض اگر مہدی علیہ السلام چنانکہ علماء از احادیث صحیحہ میگویند خواہد آمد قبول اُو ہم کردہ خواہیم و دانستہ کہ پیر ما در کشف غلط افتادہ بود و اگر بعد ازیں نخواہد آمد تا ظاہر خواہد

اس تقریر کے لحاظ سے تمکو کہنا چاہیئے کہ فرنگیاں حق پر ہیں نامعقول بحث نہیں کرنی چاہیئے القصہ اس تقریر کے بعد اکبر نے اس ضعیف سے کہا کہ تمنے احادیث کے مضمون سے امکان اور احتمال ثابت کیا ہے یعنی ممکن و محتمل ہیکہ تمہارا ادعاء درست ہو پس معلوم ہوا کہ اس عقیدہ کے واسطہ سے تم پر قتل اور اخراج لازم نہیں آتا اگر تم اس عقیدہ پر قائم رہکر اپنے خیال میں مشغول ہوتے اور خلق کو اس عقیدہ کی دعوت نہ کرتے تو تم کو یہ تکلیف نہ پہنچتی دلیل امکانی حجت احتمالی اور برہان ظنی سے اس قدر بازار گرم کرنا اور خلق کو فریب دینا اور قطعی حکم کرنا کہ مہدی موعود اس کے بعد ہرگز نہیں آئیں گے اس احتمال کے مخالف احادیث کے جھوٹے ہونیکا یقین کرنا اور تمام علماء کو گمراہ جاننا محض گمراہی اور بے راہی ہے تم اپنے غرور اور نادانی سے تکلیف میں پڑے ہو اب تمکو چاہیئے کہ توبہ کریں اور اس طرح کہیں کہ ہمارا پیر ولی کامل تھا اس نے اپنی ذات سے دعوی کیا ہے اور حدیث کی روسے ممکن اور محتمل ہے کہ اس کا دعوی درست ہو اور ہم اس کے سلسلہ میں ہیں پس ہم کو نہیں چاہیئے اور ہمارے لائق نہیں کہ ہم اپنے پیر کی بات سے جو شریعت میں ممکن اور محتمل ہے انکار کریں اور بالفرض اگر مہدی علیہ السلام جیسا کہ علماء احادیث صحیحہ سے کہتے ہیں آئیگا تو ہم قبول کرینگے اور جانیں گے کہ ہمارے پیر کو کشف میں غلطی ہوئی تھی اور اگر اس کے بعد نہیں آئیگا تو

